48996-خاوند اسے حمل کے ابتدائی ایام میں ہی طلاق دینے والا ہے توکیا اس کے لیے اسقاط حمل جائز ہے

سوال

میرے اور خاوند کے مابین بہت بڑی مشکل پیدا ہوچکی ہے اور ہم جدائی کے دھانے پہنچ چکے ہیں، اور پھر مجھ پر یہ انکشاف ہوا کہ مجھے توچالیس یوم کا حمل بھی ہے توکیا میرے لیے خاوند کی اجازت کے بغیر ہی اسقاط حمل جائز ہے کیونکہ خاوند اسقاط پر راضی نہیں ہوگا، اور جب ہماری آپس میں جدائی ہی ہونے والی ہے توپھر میں حمل ہی کی حالت کیوں رہوں ؟

پسندیدہ جواب

میں نے اس مسئلہ کے بارہ میں شیخ عبدالرحمن البراک حفظہ اللہ تعالی سے پوچھا توان کا جواب تھا :

اس کے لیے جائز نہیں کہ وہ خاوند کی اجازت کے بغیر اسقاط حمل کروائے کیونکہ جس طرح بیوی کو بچے میں حق ہے اسی طرح خاوند کو بھی بچے میں حق حاصل ہے ۔

واللہ اعلم